10 مئی 2019ء

**مالی سال 19ء کے پہلے دس ماہ میں بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے 17.9 ارب ڈالر کی ترسیلات بھجیں**

بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے مالی سال 19ء کے پہلے دس ماہ (جولائی تا اپریل) میں 17,875.23 ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے جو گذشتہ برس کی اسی مدت میں موصول ہونے والے 16,481.82 ملین ڈالر کے مقابلے میں 8.45 فیصد نمو کو ظاہر کرتا ہے۔

اپریل 2019ء میں کارکنوں کی ترسیلات زر کی مالیت 1,778.90 ملین ڈالر رہی جو مارچ 2019ء کے مقابلے میں 2 فیصد زائد جبکہ اپریل 2018ء کے مقابلے میں 6 فیصد زیادہ ہے۔ بلحاظ ملک اپریل 2019ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 427.82 ملین ڈالر، 372.43 ملین ڈالر، 269.56 ملین ڈالر، 280.02 ملین ڈالر، 175.44 ملین ڈالر اور 48.19 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے، جبکہ اپریل 2018ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 399.56 ملین ڈالر، 362.4 ملین ڈالر، 250.91 ملین ڈالر، 245.85 ملین ڈالر، 167.68 ملین ڈالر اور 54.75 ملین ڈالر تھیں۔ اپریل 2019ء میں ملائشیا، ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 205.43 ملین ڈالر رہیں جبکہ اپریل 2018ء میں ان ملکوں سے 192.72 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

******